بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں
رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves
Kids

مسجد میں داخل ہونے کے آداب



ابوہریرہ رض کی روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا : اللہ تعالیٰ کے نزدیک زمین پر سب سے محبوب مقامات اس کی مسجدیں ہیں ۔

مسلم: 671

مساجد کو اللہ کا گھر سمجھا جاتا ہے۔

نبی ﷺ نے فرمایا :جو شخص اس زمین پر اللہ کا گھر بناتا ہے اللہ اس کے لیے جنت میں گھر بناتا ہے ۔




مساجد کو اللہ کی عبادت کرنے کی جگہ، اس کا ذکر، تعلیم شرعی سیکھنے کی جگہ سمجھا جاتا ہے ۔

اور یہ زمین پر اللہ کی سب سے پسندیدہ جگہ ہوتی ہے ۔

مسجد کے آداب

مسجد میں داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں سے داخل ہونا چاہیے ۔




مسجد میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ط

مسلم: 713

مسجد سے باہر نکلتے وقت بایاں پاؤں پہلے باہر رکھنا چاہیے ۔

مسجد سے باہر نکلتے وقت یہ دعا پڑھنا چاہیے۔



اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ ط

مسلم: 713

گھر میں داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں سے داخل ہونا چاہیے ۔

گھر میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھنا چاہیے۔





گھر سے باہر نکلتے وقت دایاں پاؤں پہلے باہر رکھنا چاہیے ۔

گھر سے باہر نکلتے وقت یہ دعا پڑھنا چاہیے۔



«بِسْمِ اللَّهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ، لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللَّهِ»

مسجد میں خاموشی

حامد اقامت سے پہلے مسجد میں داخل ہوا۔اپنے والد کے ساتھ دو رکعت نماز تحیۃ المسجد پڑھی۔ اسے سلمان نظر آیا جو اس کا دوست تھا۔ ان دونوں نے اونچی آواز سے باتیں کرنا شروع کی۔ مسجد میں موجود دوسرے لوگ پریشان ہوئے۔ مسجد کے امام نے انہیں نرمی سے ہدایت کی: جب مسجد میں بیٹھیں ہوں تو اپنا وقت قرآن کی تلاوت اور اللہ کے ذکر میں لگائیں۔

حامد اور سلمان سے کیا غلطی سرزد ہوئی؟

- [ ] دونوں اونچی آواز میں بات کرنے لگے
- [ ] دونوں چاکلیٹ کھا رہے تھے

مسجد کے امام نے انہیں کیا ہدایت کی؟

- [ ] دونوں چپ چاپ بیٹھے رہیں
- [ ] مسجد میں بیٹھے وقت قرآن کی تلاوت اور ذکر کریں

مسجد میں داخل ہو تو کرنے کے کام

نبی ﷺ نے فرمایا : جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو وہ بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھ لیا کریں ۔

بجاری:444



دو رکعت نفل نماز تحیۃ المسجد پڑھنا۔

قرآن کریم کی تلاوت کرنا

اللہ کا ذکر کرنا۔



مسجد میں ضروری بات کرنا ہو تو آواز پست رکھیں ۔

مسجد میں قرآن کی تلاوت اونچی آواز میں نہ کریں ۔ مسجد میں موجود دوسرے مصلیوں کو پریشانی ہوتی ہے ۔

اپنے والد سے فون مانگ کر کھیلنا غلط بات ہے۔

نماز کے لیے اقامت دی جانے تک مسجد کے سحن میں کھیلنا صحیح نہیں ہے۔

مسجد کی صفائی کا خیال کرنا

مسجد میں کاغذ ، کوڑا، کچرا نہیں پھینکنا چاہیے ۔



بلکہ مسجد میں پانی پینے، جائے نماز اور مسحف استعمال کرنے کے بعد انکے مقام پر رکھنا چاہیے ۔

مسجد کے فرش یا دیواروں پر نہیں تھوکنا چاہیے ۔ اگر کوئی ایسے کرے تو انہیں منع کرنا چاہیے ۔



مسجد میں میلے کپڑے پہن کر نہیں جانا چاہیے ۔ مسجد میں صاف ستھرا لباس پہن کر جانا چاہیے ۔


بدبودار جوراب، موزے پہن کر نہیں جانا چاہیے ۔

مسجد اللہ کا گھر ہے اور نبی ﷺ خوشبو لگانا بہت پسند کرتے تھے ۔


صحیح جواب سے جوڑیں




- مسجد میں داخل ہونے کی دعا



- گھر میں داخل ہونے کی دعا



- گھر سے باہر نکلتے وقت کی دعا



- مسجد سے باہر نکلتے وقت کی دعا

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

ایک ایسے عمل کا نام ہے جس کا ذکر حدیث میں آیا ہے اور جو مسجد میں انجام دیا جاتا ہے؟

- تحیۃ المسجد کے دو رکعت نماز
- ضرورت مند کو صدقہ دینا

اللہ کے نزدیک زمین پر سب سے زیادہ پسندیدہ مقام کونسا ہے؟

- پارک اور سیر کی جگہ
- مساجد

مسجد میں امام نرمی سے ہدایت کریں تو آپ کیا کرو گے؟

- امام کی بات کا احترام کروں گا
- امام کی بات ٹال دوں گا اپنی شرارت کروں گا

صحیح جواب پر ✓ نشان بنائیں

- مسجد میں کاغذ ، کوڑا، کچرا نہیں پھینکنا چاہیے ۔ ☐
- ایک لڑکا مسجد میں بدبودار موزے پہن کر جاتا ہے ۔ ☐
- مسجد میں داخل ہو تو تحیۃ المسجد کے دو رکعت نفل نماز پڑھنا چاہیے۔ ☐
- سلمان مسجد میں صاف ستھرا لباس پہن کر جاتا ہے ۔ ☐
- مسجد اللہ کا گھر ہے اور نبی ﷺ خوشبو لگانا بہت پسند کرتے تھے ۔ ☐
- مسجد میں اپنے والد سے فون مانگ کر کھیلنا ہے۔ ☐
- امام کی بات کا احترام کروں گا۔ ☐

صحيح تصوير پر ✓ نشان بنائیں





